ادارہ



تعارف تبصرہ کتب

کتاب: تذکرہ وسوانح حضرت مولانا سید اسعد مدنیؒ مرتب: مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت: 513 صفحات قیمت: درج نہیں ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہؓ خالق آباد نوشہرہ

نسل نو کی آگہی و اصلاح کے لئے مولانا عبدالقیوم حقانی مدظلہ نے ایک عرصہ سے اکابرین دیوبند کی سیرت و سوانح پر کام کا بیڑہ اٹھا رکھا ہے۔ بقول بقیۃ السلف حضرت مولانا قاضی عبدالکریم کلاچوی مدظلہ فاضل دیوبند: ''حقانی صاحب تذکار الصالحین کے مبارک مرض کے بیمار ہیں۔'' زیر نظر کتاب بھی اسی سلسلے کا نیا اور تازہ نقش ہے۔ عظیم باپ کے عظیم فرزند حضرت مولانا اسعد مدنی جو امسال ۷ محرم ۱۴۲۷ھ کو اس دار فانی سے کوچ کر گئے' ہمہ گیر' ہمہ جہت اور ہمہ پہلو شخصیت کے حامل تھے۔ درس وتدریس' تحریر وتقریر' تدبیر وسیاست' سلوک وارشاد' دعوت وتبلیغ' اصلاح وفلاح معاشرہ' خدمت خلق' بقاء وقیام مدارس ومکاتب' ملت کی شیرازہ بندی غرض ہر میدان میں آپ نے قائدانہ کردار ادا کیا۔ یہ کتاب اگرچہ کسی ایک منصف کی تصنیف تو نہیں جس میں تسلسل اور ربط ہوتا ہے تاہم حقانی صاحب کی حسنِ ترتیب نے اربابِ قلم کے منتشر مضامین کے موتیوں کو ایک لڑی میں پیرو کر تسلسل اور ربط پیدا کر دیا۔

کتاب کی ابتداء شیخ العرب والعجم مولانا حسین احمد مدنیؒ کے مکتوب بنام فرزند اور اختتام انکے معمولات پر ہوئی ہے۔ چودہ ابواب ۹۲ منثور اور ۳۸ منظوم مقالات پر مشتمل ہے۔ اس کتاب میں ایک باب مستقل طور پر مولانا اسعد مدنیؒ کا اپنے استاد جدِی المکرم شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحقؒ سے تعلق خاطر' مکاتبت' مولانا سمیع الحق مدظلہ سے ربط' جامعہ دارالعلوم حقانیہ میں تشریف آوری اور خطبات سے متعلق ہے۔ حضرت مدنیؒ کے شیدائیوں کیلئے یہ ایک بہترین اور عمدہ وانمول تحفہ ہے۔ (مولانا عرفان الحق)

کتاب: تیسری جنگِ عظیم اور دجال مصنف: مولانا عاصم عمر

ضخامت: ۳۲۶ صفحات قیمت: درج نہیں ناشر: الغازی ویلفیئر ٹرسٹ باغ آزاد کشمیر

آخری جنگِ عظیم کب ہونے والی ہے؟ یہودی انسانیت کو تباہی کی طرف کیسے دھکیل رہے ہیں؟ آپ کے